خبرنامہ

ادارہ

اشاریہ قرآنی مضامین کی اشاعت کا پروگرام

اردو کے معیاری رسائل کے قرآنی مضامین کا اشاریہ (مرتبہ ڈاکٹر ابو سفیان اصلاحی) ششماہی علوم القرآن کے سابق شماروں میں بالاقساط شائع ہو چکا ہے۔ اس کی افادیت کے پیشِ نظر ادارہ علوم القرآن نے اسے کتابی صورت میں شائع کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس وقت یہ کام نظرِ ثانی کے مرحلہ میں ہے۔ اسے خوب سے خوب تر بنانے کے سلسلہ میں قارئین کے گراں قدر مشوروں سے ادارہ کو بڑی مدد ملے گی۔

قرآن کریم کا سب سے چھوٹا نسخہ

کوچین ۱۴/جون رمیا تھاڈم کے باشندے حسین نے دعویٰ کیا ہے کہ اس کے پاس کلام پاک کا سب سے چھوٹا نسخہ ہے۔ اس نسخے کی لمبائی ۲،۲ سینٹی میٹر، چوڑائی ۱،۷ سینٹی میٹر اور موٹائی ۱،۲ سینٹی میٹر ہے دنیا کا یہ سب سے چھوٹا نسخہ ۲۹۲ صفحات پر مشتمل ہے۔ مسٹر حسین کے پاس اس کلام پاک کے چھ نسخے تھے جن میں سے چار نسخے انھوں نے قریبی رشتہ داروں اور عزیزوں کو ہدیہ میں دیدیا مسٹر حسین یہ نسخے مسقط سے لائے تھے جہاں وہ بجلی کی دوکان چلاتے تھے چند مقامی صحافیوں نے قرآن کے ان نادر نسخوں کو دیکھا ان کا خیال ہے کہ یہ دنیا کے سب سے چھوٹے نسخے ہیں۔

(حیاتِ نو، بلریا گنج، جون ۱۹۹۳ء)